شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

09 دسمبر 2022

پریس ریلیز

چین-عرب سمٹ عالمی منظر نامے میں امریکی اجارہ داری پر کاری ضرب ہے۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): چین- عرب سمٹ عالمی منظر نامے میں امریکی اجارہ داری پر کاری ضرب ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ چین کے صدر شی جن پنگ کے دورۂ سعودی عرب کے دوران چین-عرب سمٹ اور چین-جی سی سی کانفرنس کا انعقاد جس میں 14 عرب ممالک کے سربراہان شرکت کریں گے خطے اور عالمی صورتِ حال کے حوالے سے ایک بہت بڑی تبدیلی کا نکتہ آغاز ہے۔امریکہ کے حکمران اکثر سعودی عرب کو اپنی ایک طفیلی ریاست ہی سمجھتے تھے۔ حقیقت میں امریکہ کی مشرق وسطیٰ کی پالیسی کا اہم ترین رکن ناجائز صیہونی ریاست اسرائیل کی ہر قیمت پر حفاظت کرنا ہے اور اس مقصد کے لیے اُس نے سعودی عرب سمیت تقریباً تمام عرب ممالک کو گذشتہ کئی دہائیوں سے مکمل طور پر اپنے کنٹرول میں رکھا ہوا تھا۔ اُنہوں نے کہا کہ چین اور سعودی عرب کے مابین 30 ارب ڈالر مالیت کے 34 معاہدوں پر دستخط ہونا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ سعودی عرب امریکہ کے جابرانہ تسلط سے آزاد ہونے کی بھرپور کوشش کر رہا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ عربوں کو اب انتہائی محتاط رہنا ہو گا کیونکہ امریکہ چین کے ساتھ اُن کے بڑھتے ہوئے تعلقات کے راستے میں رکاوٹ کھڑی کرنے کے لیے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرے گا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلمان ممالک متحد ہو کر طاغوتی قوتوں کا مقابلہ کریں تاکہ دشمنانِ اسلام کے تمام مذموم ارادوں کو خاک میں ملایا جاسکے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم شعبہ نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 09 December 2022

"The China-Arab Summit is a severe dent to the global hegemonic ambitions of USA."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The China-Arab Summit is a severe dent to the global hegemonic ambitions of USA."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that the China-Arab Summit and China-GCC Conference to be held during the ongoing visit of the Chinese President Xi Jinping to Saudi Arabia, in which the heads of state of 14 Arab countries are expected to attend, will usher in the beginning of a seismic shift regarding the regional and global world affairs. The rulers of USA had become used to treating Saudi Arabia as a client state. The fact of the matter is that the most important element of the US foreign policy is providing protection to the illegitimate Zionist state of Israel and the US has had complete control over almost all Arab countries, including Saudi Arabia, toward that end during the last few decades. He said that the 34 agreements signed between China and Saudi Arabia worth $30bn is clear evidence that Saudi Arabia is trying hard to break the shackles of US subjugation. The Ameer said that the Arabs would need to remain vigilant as the US would use all kinds of ploys to sabotage their growing relations with China. The Ameer concluded by emphasizing that it is imperative for the Muslim countries to unite against the malevolent powers so their nefarious designs could be thwarted.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan